| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شاہ تراب الحق قادری۔۔مفتی منیب الرحمٰن۔۔ثروت اعجاز قادری سنی نہیں۔۔۔اشد فاسق ہیں

احمد رضا خان کا فتویٰ

قارئین کرام کچھ عرصہ پہلے اہلسنت والجماعت کے خلاف بریلوی اور شیعہ حضرات نے آپس میں اتحاد کرکے حق کے خلاف مشترکہ جدوجہد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ چنانچہ جنگ اخبار اس اتحاد کی تفصیل ان الفاظ میں دیتا ہے کہ

دہشتگردی کے خلاف مل کر کام کریں گے، عباس کمیلی، مفتی منیب، شاہ تراب الحق میں اتفاق

شاہ تراب الحق کے ساتھ ملاقات میں شیعہ سنی اتحاد کیلئے لائحہ عمل ترتیب دینے پر اتفاق کیا ہے

مفتی منیب الرحمٰن نے جعفریہ الائنس پاکستان کے وفد کا شکریہ ادا کیا کہ وہ ہمارے مدرسے تعزیت کیلئے تشریف لائے اور مل کر فاتحہ خوانی بھی کی۔ ﴿روزنامہ جنگ کراچی، ۵ جولائی ۲۰۱۰﴾

اسی طرح سنی تحریک کے وفد نے بھی شیعہ کے ساتھ اتحاد کا اعلان کیا ہے۔ ﴿روزنامہ امت، ۷ جولائی ۲۰۱۰﴾

اب قارئین کرام ذرا احمد رضا خان صاحب کا فتوی بھی ملاحظہ فرمالیں کہ وہ رافضیوں کے ساتھ میل جول سلام کلام اور اتحاد کرنے والوں کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

شیعہ کے ساتھ سلام کلام میل جول حرام ہے

روافض زمانہ علی العموم مرتد ہیں کما بیناہ فی رد الرفضہ ان سے کوئی معاملہ اہل اسلام کا سا کرنا حلال نہیں ان سے میل جول نشست برخاست سلام کلام سب حرام۔

﴿احکام شریعت، حصہ دوم مسئلہ ۸۶، ص ۱۹۵﴾

احمد رضا خان کا فتوی تو یہ ہے کہ ان سے سلام کلام بھی حرام مگر آج کے یہ بریلوی ان سے "سنی شیعہ" اتحاد کی بات کرتے ہیں تو کیا اس فتوے کی روشنی میں ان کا ایمان باقی رہا۔۔۔؟؟؟ کیا بریلوی جواب دیں گے کہ ایک حرام کو حلال کرنے والے کے بارے میں فقہاء کا کیا فتوی ہے۔۔؟؟؟

یہ بریلوی مولوی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے باغی ہیں

یہی احمد رضا خان شیعہ سے موالات کے حرام ہونے پر نبی پاک ﷺ کی حدیث بھی پیش کرتا ہے ملاحظہ ہو:

حدیث میں نبی پاک ﷺ فرماتے ہیں

عنقریب کچھ لوگ آنے والے ہیں ان کا ایک بد لقب ہوگا انہیں رافضی کہا جائے گا۔ سلف صالح پر طعن کریں گے اور جمعہ و جماعت میں حاضر نہ ہونگے ان کے پاس نہ بیٹھنا ان کے ساتھ نہ کھانا ان کے پاس پانی نہ پینا نہ ان کے ساتھ شادی بیاہ کرنا بیمار پڑیں تو انہیں پوچھنے نہ جانا مر جائیں تو ان کے جنازے پر نہ جانا نہ ان پر نماز پڑھنا نہ ان کے ساتھ نماز پڑھنا۔

﴿احکام شریعت، حصہ دوم، ص ۱۹۵، ۱۹۶﴾

قارئین کرام آپ نیچے تصاویر میں دیکھ سکتے ہیں کہ بریلوی اکابرین نہ صرف شیعہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں بلکہ ان کے ساتھ پریس کانفرنسیں تعزیتیں کرکے اتحاد کی بات کررہے ہیں۔۔ کیا ایسے لوگوں کو حق ہے کہ خود کو "عاشق رسول ﷺ" کہیں۔۔؟؟؟ ہرگز نہیں جو نبی ﷺ کی حدیث کا کھلم کھلا باغی ہو وہ عاشق رسول ﷺ نہیں دشمن رسول ﷺ ہے۔۔

رافضیوں کے ساتھ میل جول رکھنے والا

"اشد فاسق" ہے

احمد رضا خان کا فتویٰ

اور اب سنئیے کہ احمد رضا خان رافضیوں کے ساتھ میل جول رکھنے والے "سنی" کے متعلق کیا فتویٰ دیتے ہیں:

جو سنی ہو کر ان کے ساتھ میل جول رکھے اگر خود رافضی نہیں تو کم از کم "اشد فاسق" ہے۔ مسلمانوں کو اس سے میل جول ترک کرنے کا حکم ہے۔

﴿احکام شریعت، حصہ دوم، ص ۱۹۶﴾

اس فتوے سے صاف ظاہر ہوگیا کہ مفتی منیب الرحمٰن، شاہ تراب الحق قادری اور نام نہاد "سنی تحریک" والے "اشد فاسق" ہیں اور مسلمانوں کو حکم ہے کہ ان سے میل جول ترک رکھیں۔۔

لہٰذا بریلوی حضرات پر لازم ہے کہ وہ ان لوگوں سے اپنی برات کا اعلان کرکے "مسلک رضا" کی پاسبانی کا ثبوت دیں۔۔ نیز تمام فقہی کتابوں میں موجود ہے کہ "فاسق" کے پیچھے نماز مکروہ ہے واجب الاعادہ ہے۔۔ اور یہاں تو معاملہ "اشد فاسق" کا ہے لہٰذا ان بریلوی مولویوں کو نماز کی امامت کرنے کیلئے کھڑا کرنا جائز نہیں اور ان کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں اور پڑھی گئی نماز کو لوٹانا ضروری ہے۔

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

مفتی منیب الرحمن رویت هلال کے اهل نهیں رهے

بریلویوں کے سید الفقہاء مولوی دیدار علی شاہ فتوی دیتا ہے کہ فاسق کے پیچھے نماز پڑھنے والا اور اوروں کو اس کی ترغیب دینے والا خود فاسق ہے لہٰذا اس کی عدالت ساقط ہوگئی اور رویت ہلال تک میں اس کی شہادت غیر معتبر ہو جائے گی ﴿ملاحظہ ہو۔۔۔فتاوی دیداریہ، ج ا، ص ۱۲۶﴾ یہ تو اس شخص کا حکم ہے کہ جو فاسق کے پیچھے نماز پڑھتا ہے مگر جو خود "اشد فاسق" ہو کیا کسی بھی صورت اس کی "رویت ہلال" کی شہادت قابل قبول ہو سکتی ہے۔۔؟؟؟اس کا فیصلہ ہم بریلوی اور انصاف پسند قارئین کرام پر چھوڑتے ہیں۔

ہم تو اس موقعہ پر صرف یہی عرض کریں گے کہ

دردگردوں میں کسی نے غمخواری نہ کی
دشمنوں نے دشمنی کی یاروں نے یاری نہ کی

تم وہ بہترین اُمت ہو جسے انسانوں (کی اصلاح) کے لئے میدان میں لایا گیا۔ (القرآن)

Daily UMMAT Karachi.

روزنامہ اُمت کراچی

WEDNESDAY JULY 07, 2010 Regd:S.S-944

جلد ۱۳: شمارہ ۳۲۲ | بدھ ۲۴ رجب المرجب ۱۴۳۱ھ / ۷ جولائی ۲۰۱۰ء | قیمت ۹ روپے

روزنامہ امت کراچی ۷ جولائی ۲۰۱۰ء

جعفریہ الائنس کے سربراہ علامہ عباس کمیلی سنی تحریک کے رہنما محمد شاہد غوری سے ملاقات کر رہے ہیں، دوسری جانب مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جعفریہ الائنس اور سنی تحریک کا دہشت گردی کیخلاف مشترکہ جدوجہد کا عزم

سیاسی جماعتیں شدت پسندوں کی پشت پناہی کر رہی ہیں۔نوٹس لیا جائے۔عباس کمیلی۔شاہد غوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس اور سنی تحریک کے قائدین نے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ جدوجہد کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف ... قائم کر ... کا مطالبہ کیا ہے۔ 7 جولائی کو جعفریہ الائنس کے تحت ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں مزارات و مساجد بچاؤ کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا جائے گا۔ جعفریہ الائنس کے سربراہ علامہ عباس کمیلی نے گزشتہ روز سنی تحریک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

بقیہ نمبر 33 | جعفریہ الائنس کا عزم

کے مرکزی رہنما شاہد غوری، قاری خلیل الرحمن اور ... قادری ... اس موقع پر دیگر رہنما بھی شریک تھے۔ ... کے خلاف سخت ایکشن لینے کا ... دہشت گردوں کی پشت پناہی کر ...

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ ہ
احکام شریعت
مکمل تین ۳ حصے
اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان بریلوی

الجواب: جن کی اولاد میں ہے جیسے باپ دادا نانا یا جو اس کی اولاد میں ہو جیسے بیٹا پوتا نواسا ان کی بیبیوں سے نکاح حرام ہے اور سُسر کی بی بی سے بھی حرام ہے جب کہ وہ اپنی زوجہ کی حقیقی ماں ہو باقی رشتہ داروں کی بیبیوں سے ان کی موت یا طلاق و انقضائے عدت کے بعد نکاح جائز ہے۔ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ۔

مسئلہ ۸۶: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اہل سنت و جماعت کو رافضیوں سے ملنا جلنا کھانا پینا اور رافضیوں سے سودا سلف خریدنا جائز ہے یا نہیں اور وہ شخص سنی ہو کر ایسا کرتا ہے اس کی نسبت شرعاً کیا حکم آیا ہے وہ شخص دائرہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہے یا نہیں اور شخص مذکورہ بالا سے تمام مسلمانوں کو اپنے دینی و دنیوی تعلقات منقطع کرنا چاہئے یا نہیں؟ بَیِّنُوْا تُوْجَرُوْا۔

الجواب: روافض زمانہ علی العموم مرتد ہیں کما بیناہ فی رد الرفضہ ان سے کوئی معاملہ اہل اسلام کا سا کرنا حلال نہیں ان سے میل جول نشست برخاست سلام کلام سب حرام ہے۔ وَاللّٰہُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ وَاِمَّا یُنْسِیَنَّکَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ

حدیث میں نبی پاک ﷺ فرماتے ہیں:

سَیَاتِی قَوْمٌ لَھُمْ نَبَزٌ یُقَالُ لَھُمُ الرَّافِضَۃُ یَطْعِنُوْنَ السَّلَفَ لَا یَشْھَدُوْنَ جُمْعَۃً وَلَا الْجَمَاعَۃَ فَلَا تُجَالِسُوْھُمْ وَلَا تُوَاکِلُوْھُمْ وَلَا تُشَارِبُوْھُمْ وَلَا تُنَاکِحُوْھُمْ وَاِذَا مَرِضُوْا فَلَا تَعُوْدُوْھُمْ وَاِذَا مَاتُوْا فَلَا تَشْھَدُوْھُمْ وَلَا تُصَلُّوْا عَلَیْھِمْ وَلَا تُصَلُّوْا مَعَھُمْ۔

عنقریب کچھ لوگ آنے والے ہیں ان کا ایک بدلقب ہوگا انہیں رافضی کہا جائے گا۔ سلف صالح پر طعن کریں گے اور جمعہ و جماعت میں حاضر نہ ہوں گے ان کے پاس نہ بیٹھنا ان کے ساتھ نہ کھانا۔ نہ ان کے پاس پانی پینا نہ ان کے ساتھ شادی بیاہ کرنا بیمار پڑیں تو انہیں پوچھنے نہ جانا مرجائیں تو ان کے جنازے پر نہ جانا نہ ان پر نماز پڑھنا نہ ان کے ساتھ

نماز پڑھنا۔
جو سنی ہو کر ان کے ساتھ میل جول رکھے اگر خود رافضی نہیں تو کم از کم اشد فاسق ہے۔
مسلمانوں کو اس سے بھی میل جول ترک کرنے کا حکم ہے۔ وَاللّٰهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ۔

مسئلہ ۸۷: تبارک صرف رجب شریف میں ہو سکتی ہے یا جب چاہیں کر لیں اور اگر میت پر اتنی قضا نمازیں یا روزے ہوں کہ اس کے غریب ورثا ہر نماز کے بدلے ۱۲۵۔۲۱ روپیہ بھر گیہوں نہ دے سکیں تو اسقاط کا کیا طریقہ ہے۔ بَیِّنُوْا تُوْجَرُوْا۔

الجواب: تبارک ہر مہینہ میں ہو سکتی ہے یہ تعینات بغرض تحفظ و یاد دہانی ہوتے ہیں، اور میت کے ورثا جس قدر پر قادر ہوں مسکین کو بہ نیت کفارہ دے کر قابض کر دیں وہ بعد قبضہ اپنی طرف سے وارث کو ہبہ کر دے وارث بعد قبضہ پھر بہ نیت کفارہ مسکین کو دے اسی طرح دور کریں یہاں تک کہ مقدار مطلوب ادا ہو جائے۔ وَاللّٰهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ۔

مسئلہ ۸۸: علمائے اسلام و مفتیان اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ افیون کی تجارت اور اس کی دکان کرنا شرعاً جائز ہے یا ناجائز؟ بَیِّنُوْا تُوْجَرُوْا۔

الجواب: افیون کی تجارت دوا کے لئے جائز اور افیونی کے ہاتھ بیچنا ناجائز ہے۔ لِاَنَّ الْمَعْصِیَّةَ تَقُوْمُ بِعَیْنِهٖ وَکُلُّ مَاکَانَ کَذٰلِکَ کُرِهَ بَیْعُهٗ کَمَا فِیْ تَنْوِیْرِ الْاَبْصَارِ۔ وَاللّٰهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ۔

مسئلہ ۸۹: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ (۱) پیر سے پردہ ہے یا نہیں (۲) ایک بزرگ عورتوں سے بغیر حجاب کے حلقہ کراتے ہیں اور حلقہ کے بیچ میں بزرگ صاحب بیٹھتے ہیں تو جذبہ ایسی دیتے ہیں عورتیں بے ہوش ہو جاتی ہیں اچھلتی کودتی ہیں اور ان کی آواز مکان سے باہر دور سنائی دیتی ہے ایسی بیعت ہونا کیسا ہے؟ بَیِّنُوْا تُوْجَرُوْا۔

الجواب: پیر سے پردہ واجب ہے جبکہ محرم نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم (۲) یہ صورت محض خلاف شرع و خلاف حیا ہے ایسے پیر سے بیعت نہ چاہئے۔ وَاللّٰهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ۔

مسئلہ ۹۰: کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ زندگی کا بیمہ کرنا شرعاً جائز ہے یا حرام صورت اس کی یہ ہے جو شخص زندگی کا بیمہ کرنا چاہتا ہے اس سے یہ قرار پاجاتا ہے کہ ۵۵ سال یا ۶۰

فتاوی دیداریہ
جلد اول
از
بانی مرکزی انجمن حزب الاحناف لاہور
مکتبہ العصر

مطلقہ ہے جس کا ذکر بحوالہ شرح منیہ عبارتِ مذکورہ ردالمحتار میں گزر چکا۔ لہٰذا زید فتویٰ دہندہ بھی بوجہ تعظیم و ترویج اہلِ فسق فاسق ہو گیا اور زید اگر ایسے لوگوں کے پیچھے گاہے گاہے نماز پڑھ لیتا ہے تو مرتکب گناہِ صغیرہ ہے۔ اور اگر ایسے فاسقوں کے پیچھے نماز پڑھنے کی اوروں کو ترغیب دیتا ہے اور خود بھی بلا ضرورت ہمیشہ پڑھتا ہے تو اس کی عدالت بھی ساقط ہو جائے گی اور رؤیتِ ہلال تک میں اس کی شہادت غیر معتبر ہو گی چہ جائے کہ دیگر معاملاتِ دینی میں اس کا اعتبار کیا جائے۔ صفحہ ۳۰۲ شامی میں ہے

صرح العلامة ابن نجيم فی رسالته المولفة فی بيان المعاصی بان كل مكروه تحريمامن الصغائر وصرح ايضا بانهم شرطوا لاسقاط العدالة بالصغيرة الادمان عليها[۱]

(ترجمہ: علامہ ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ نے گناہوں کے بیان میں تالیف فرمودہ اپنے رسالہ میں اس امر کی صراحت فرمائی ہے کہ ہر مکروہ تحریمی کا ارتکاب گناہِ صغیرہ ہے۔ نیز علماء نے صغیرہ گناہ کے ارتکاب کے باعث عدالت کے اسقاط کے لیے اس پر مداومت کو شرط قرار دیا ہے) واللہ اعلم وعلمہ أحکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

[۱] رد المحتار: جلد اول، صفحہ ۳۳۷، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ